بیاد گارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب

روزنامہ آفاق سرینگر
Daily AFAAQ Srinagar

جمعۃ المبارک ۵ ستمبر ۲۰۲۵ء بمطابق ۱۱ ربیع الاول ۱۴۴۷ھ

## اقوال زریں

ایسی غربت پر صبر کرنا جس میں عزت محفوظ ہو، اُس امیری سے بہتر ہے جس میں ذلت و رسوائی ہو (حضرت علیؓ)

## متاثرین کی امداد کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت

گزشتہ دنوں کی مسلسل بارشوں کے بعد وادی کشمیر میں بڑے پیمانے پر سیلاب کا اندیشہ ظاہر کیا جا رہا تھا۔ خوش آئند امر یہ ہے کہ بڑے سیلاب کا خطرہ فی الحال ٹل گیا ہے، تاہم وادی کے تین اضلاع بڈگام، اننت ناگ اور سرینگر کے کئی علاقوں میں اب بھی پانی میں گھرے ہوئے ہیں۔ ان اضلاع کے سینکڑوں خاندان اس وقت اپنے گھروں سے نکل کر ریلیف مراکز یا رشتہ داروں کے پاس پناہ لینے پر مجبور ہیں۔ کئی بستیوں میں پانی گھروں کے اندر داخل ہو چکا ہے، جس نے لوگوں کی روزمرہ زندگی کو سخت متاثر کیا ہے۔

بڈگام میں جہلم کے شگاف کے بعد متعدد دیہات متاثر ہوئے اور کئی علاقوں کو فوری طور پر خالی کرایا گیا۔ اننت ناگ کے سنگم علاقے میں جہلم کی سطح خطرے کے نشان کو پار کر گئی تھی، جب کہ ویشو نالہ اور دیگر چھوٹے نالوں میں بھی پانی کی تیز روانی دیکھی گئی۔ سرینگر میں لسجن، نوگام، پادشاہی باغ، مہجور نگر اور دیگر علاقوں میں پانی بھر جانے کے خدشے کے پیش نظر درجنوں خاندانوں کو نقل مکانی کرنا پڑی۔ انتظامیہ نے نو ریلیف شیلٹرز قائم کرنے کی اطلاع دی ہے تاکہ متاثرین کو فوری پناہ دی جا سکے۔

فوج، فضائیہ، این ڈی آر ایف، ایس ڈی آر ایف اور ضلعی انتظامیہ نے مل کر بڑے پیمانے پر ریسکیو کارروائیاں انجام دیں۔ ہزاروں افراد کو محفوظ مقامات تک پہنچایا گیا اور ریلیف شیلٹرز میں راشن، کمبل، ادویات اور پینے کا پانی فراہم کرنے کی ہدایات دی گئیں۔ حکام نے خود صورتحال کا جائزہ لیا اور متعلقہ محکموں کو مستعد رہنے کی تاکید کی۔ تاہم زمینی حقائق یہ ہیں کہ جن گھروں میں پانی داخل ہو چکا ہے، ان متاثرہ خاندانوں کو اب بھی اضافی سہارا اور فوری مدد کی ضرورت ہے خشک خوراک، پینے کے صاف پانی، بچوں کے دودھ، خواتین کی اشیائے ضروریہ اور ادویات کی فراہمی ناگزیر ہے۔

یہ وقت تنقید کا نہیں بلکہ اشتراکِ عمل کا ہے۔ اگرچہ حکومت اور ادارے اپنی سطح پر کام کر رہے ہیں، مگر یہ بحران اتنا بڑا ہے کہ صرف سرکاری مشینری پر بھروسہ کافی نہیں۔ مقامی سطح پر محلہ کمیٹیاں، مساجد کمیٹیاں، تاجر تنظیمیں، سماجی ادارے، طلبہ اور نوجوان سب کو آگے آنا ہوگا۔ محلے کی سطح پر فوری ضرورتوں کی فہرست تیار کی جائے اور امداد اکٹھی کر کے شفاف انداز میں تقسیم کی جائے۔ مقامی رضاکار میڈیکل کیمپس قائم کریں، تاکہ بچوں، بزرگوں اور خواتین کو فوری طبی سہولیات مل سکیں۔

سیلابی پانی نے سب سے بڑا خطرہ پانی سے پھیلنے والی بیماریوں کی صورت میں کھڑا کیا ہے۔ ایس کے آئی ایم ایس اور دیگر طبی اداروں نے خصوصی ایڈوائزری جاری کی ہے جس پر سختی سے عمل ضروری ہے۔ لوگ صرف ابلا ہوا یا کلورین ریلیچنگ ٹیبلٹ سے صاف کیا ہوا پانی پینے کے لیے استعمال کیا جائے۔ پانی کو ہمیشہ ڈھک کر صاف برتن میں رکھیں۔ سیلابی پانی میں بھیگی ہوئی کوئی شے نہ کھائیں۔ ڈبہ بند اشیا کو کھولنے سے قبل اچھی طرح دھوئیں۔ کھانا تازہ اور مکمل طور پر پکا کر کھائیں۔

اگرچہ بڑے پیمانے کا سیلاب ٹل گیا ہے، مگر آزمائش ختم نہیں ہوئی۔ اب اصل چیلنج متاثرہ خاندانوں کی بحالی اور بیماریوں کا پھیلاؤ روکنا ہے۔ حکومت اور ادارے اپنی ذمہ داری نبھا رہے ہیں، لیکن یہ بحران اس وقت ہی مؤثر طور پر کم ہو سکتا ہے جب سماج کا ہر فرد اور ہر ادارہ آگے آ کر ہاتھ بٹائے۔ یہ وقت اتحاد اور اجتماعی کوششوں کا ہے۔

## سیرتِ نبوی ﷺ: انسانیت کے لئے ایک مکمل ضابطہ حیات



شمس آغاز
ایڈیٹر، دی کوریج
موبائل 9716518126
shamsaghazrs@gmail.com

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام انسانیت تاریخ عالم میں سب سے زیادہ ہمہ گیر اور جامع پیغام ہے۔ انسانیت کی بقا، معاشرتی عدل، امن و سکون، مساوات اور احترام آدمیت کی جو روشن تعلیمات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیں وہ صرف اپنے زمانے کے لیے نہیں تھیں بلکہ قیامت تک آنے والی تمام نسلوں کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انسان کو انسان کی حیثیت سے عزت بخشی، چاہے وہ کسی نسل، رنگ، زبان یا مذہب سے تعلق رکھتا ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمام انسان آدم کی اولاد ہیں اور آدم مٹی سے پیدا کیے گئے، اس لیے کسی کو کسی پر کوئی فضیلت حاصل نہیں سوائے تقویٰ کے۔ یہ تعلیم انسانیت کے لئے سب سے عظیم منشور ہے، جس میں سب کو برابری اور عدل و انصاف کی بنیاد پر زندگی گزارنے کی دعوت دی گئی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی اور احادیث میں ہمیں بار بار یہ پیغام ملتا ہے کہ انسانیت کو آسانی پہنچائی جائے، ان کے لیے خیر خواہی کی جائے اور ان کے دکھ درد میں شریک ہوا جائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''یَسِّرُوا وَلَا تُعَسِّرُوا، وَبَشِّرُوا وَلَا تُنَفِّرُوا'' یعنی لوگوں کے لیے آسانی پیدا کرو، سختی مت کرو، خوشخبری دو اور متنفر نہ کرو۔ اس قولِ مبارک میں انسانیت کی خدمت اور ان کی مشکلات کو دور کرنے کا بہترین درس ملتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کا ہر پہلو اس حقیقت کا شاہد ہے کہ آپ نے اپنی ذات سے بڑھ کر دوسروں کی بھلائی کو ترجیح دی۔

رحمت للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے انسانوں کو صرف عبادات کا درس نہیں دیا بلکہ معاشرتی تعلقات کی مضبوطی اور حسنِ اخلاق کی تعلیم دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہترین انسان وہ ہے جو دوسروں کے لیے سب سے زیادہ فائدہ مند ہو۔ یہی وجہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیماروں کی عیادت، غریبوں کی مدد، یتیموں کی پرورش اور مسکینوں کے ساتھ حسنِ سلوک کو دین کا حصہ قرار دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: "مَن لا یَرحَم لا یُرحَم" یعنی جو دوسروں پر رحم نہیں کرتا اس پر بھی رحم نہیں کیا جائے گا۔ یہ تعلیم صرف مسلمانوں کے لیے مخصوص نہیں بلکہ پوری انسانیت کے لیے ہے کہ انسان کو انسان پر رحم کرنا چاہیے، کیونکہ یہی اصل انسانیت ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ حجۃ الوداع میں وہ تاریخی اعلان فرمایا جو آج بھی انسانی مساوات کا سب سے بڑا منشور ہے۔ آپ نے فرمایا: "اے لوگو! تمہارا رب ایک ہے، کسی عربی کو کسی عجمی پر کوئی فضیلت نہیں، اور نہ کسی عجمی کو عربی پر، نہ گورے کو کالے پر، نہ کالے کو گورے پر، سوائے تقویٰ کے۔" یہ وہ اعلان تھا جس نے غلامی، ذات پات اور نسل پرستی کی بنیادوں کو ہلا دیا اور پوری انسانیت کو ایک ہی سطح پر لا کھڑا کیا۔ اس اعلان کے ذریعے انسانوں کے درمیان وہ دیواریں توڑ دی گئیں جو رنگ، نسل اور زبان کی بنیاد پر صدیوں سے قائم تھیں۔

احادیث میں ہمیں پڑوسی کے حقوق پر بھی خصوصی زور ملتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ "جبرئیل علیہ السلام مجھے مسلسل پڑوسی کے ساتھ حسن سلوک کی تاکید کرتے رہے، یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ وہ اسے وارث بنا دیں گے۔" یہ حدیث ظاہر کرتی ہے کہ اسلام انسان کو صرف اپنی ذات کے بارے میں نہیں بلکہ اپنے اطراف میں موجود لوگوں کے بارے میں بھی جواب دہ بناتا ہے۔ چاہے پڑوسی مسلمان ہو یا غیر مسلم، اس کے حقوق برابر ہیں۔

جانوروں اور پرندوں کے ساتھ حسنِ سلوک بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات میں شامل ہے۔ آپ نے فرمایا کہ "ہر جاندار پر رحم کرنے میں اجر ہے۔'' یعنی اسلام صرف انسانوں تک محدود نہیں بلکہ حیوانات تک اپنے دائرہ رحمت کو پھیلاتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیاسے کتے کو پانی پلانے والی عورت کو بخشش کی خوشخبری سنائی اور بلی کو قید کر کے مارنے والی عورت کو عذاب کی وعید دی۔ یہ تعلیم انسان کو یہ احساس دلاتی ہے کہ دنیا کے ہر جاندار کا حق ہے اور ان پر ظلم و زیادتی کرنے والا شخص اللہ کے نزدیک جواب دہ ہوگا۔

اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انسانی جان کے احترام کو بنیادی اصول قرار دیا۔ آپ نے فرمایا کہ دنیا کا فنا ہو جانا، اللہ کے نزدیک، ایک انسان کے ناحق قتل سے بھی کم تر ہے۔" یہ تعلیم اس وقت دی گئی جب دنیا میں انسانی جان کی کوئی حیثیت نہ تھی۔ قبیلوں کے درمیان معمولی باتوں پر خون کی ندیاں بہا دی جاتی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا کہ ایک انسان کا قتل پوری انسانیت کے قتل کے مترادف ہے۔ قرآن نے بھی یہی اصول بیان کیا کہ جس نے ایک جان کو ناحق قتل کیا گویا اس نے پوری انسانیت کو قتل کیا۔"


انسانیت کے ساتھ حسنِ سلوک کا یہ پیغام صرف مسلمانوں تک محدود نہ رہا بلکہ دیگر مذاہب کے رہنماؤں اور دنیا کی مشہور شخصیات نے بھی اس کو تسلیم کیا۔ مثلاً مشہور ہندو رہنما مہاتما گاندھی نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی انسانیت کے لیے ایک روشن مثال ہے اور آپ نے اپنے عمل سے دکھایا کہ کس طرح محبت اور امن کے ذریعے دل جیتے جا سکتے ہیں۔ جارج برنارڈ شا، جو مغربی دنیا کے بڑے مفکر تھے، انہوں نے کہا کہ اگر دنیا کو ایک ایسے رہنما کی ضرورت ہے جو مسائل کو حل کرے تو وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اسی طرح جواہر لال نہرو نے اپنی تصنیفات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق، انسان دوستی اور عدل و مساوات کی تعریف کی۔

مسلم شخصیات میں بھی بڑے علما، مفکرین اور صوفیا نے ہمیشہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغام انسانیت کو عام کیا۔ مولانا ابوالکلام آزاد نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انسانیت کو مساوات اور اخوت کا سب سے عظیم سبق دیا ہے۔ علامہ اقبال نے اپنی شاعری میں بار بار اس بات پر زور دیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام دنیا کے لیے نجات کا ذریعہ ہے۔ صوفیائے کرام نے بھی محبت اور خدمتِ خلق کے ذریعے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کو زندہ رکھا۔ حضرت خواجہ معین الدین چشتی نے کہا کہ "محبت سب کے ساتھ، عداوت کسی کے ساتھ نہیں" یہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا کی نامور شخصیات نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغام کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ مائیکل ہارٹ نے اپنی کتاب "دی 100" میں لکھا کہ دنیا کے سب سے بااثر انسان محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ ان کے نزدیک آپ وہ واحد ہستی ہیں جنہوں نے مذہبی اور دنیاوی دونوں میدانوں میں کامیابی حاصل کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغام انسانیت کا سب سے بڑا پہلو یہ ہے کہ یہ کسی خاص طبقے یا علاقے تک محدود نہیں بلکہ آفاقی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات میں امن، محبت، عدل، مساوات، رحم دلی اور خدمتِ خلق کے وہ اصول ملتے ہیں جو آج بھی دنیا کو درکار ہیں۔ اگر انسانیت اس پیغام کو اپنا لے تو دنیا سے ظلم و ناانصافی ختم ہو جائے، جنگوں اور خونریزیوں کا خاتمہ ہو اور ہر طرف امن و سکون قائم ہو۔

اس دورِ جدید میں جب انسانیت مختلف مسائل میں الجھی ہوئی ہے، نسل پرستی، مذہبی انتہاپسندی، معاشرتی ناانصافی اور اقتصادی ناہمواری نے دنیا کو عدمِ استحکام سے دوچار کر رکھا ہے، ایسے وقت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام سب سے زیادہ قابلِ عمل اور نجات دہندہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے عمل سے یہ ثابت کیا کہ اصل انسانیت یہ ہے کہ انسان دوسروں کے لیے آسانی پیدا کرے، ان کی خدمت کرے اور ان کے ساتھ عدل و انصاف سے پیش آئے۔

آخر میں کہا جا سکتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ اور آپ کی احادیث انسانیت کے لیے ایک ایسا منشور ہیں جو ہر زمانے اور ہر قوم کے لیے رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ صرف اس پیغام کو بیان کیا بلکہ اپنے عمل سے اس کی عملی مثال بھی قائم کی۔ یہی وجہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو "رحمۃ للعالمین" کہا گیا۔ آپ کا پیغام وقت اور مقام کی قید سے بالاتر ہو کر پوری انسانیت کے لیے دائمی ہے۔ دنیا کے بڑے رہنما، چاہے وہ کسی بھی مذہب یا خطے سے ہوں، اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ اگر انسانیت کو بچانا ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آفاقی پیغام کو اپنانا ہوگا۔۔ یہی پیغام انسانیت کی اصل روح ہے اور یہی وہ راستہ ہے جو دنیا کو امن و سکون عطا کر سکتا ہے۔ درحقیقت، سیرتِ نبوی ﷺ انسانیت کے لیے ایک مکمل اور دائمی منشور ہے، جو انسان کو عدل، مساوات، رحم، خدمتِ خلق اور ہمدردی جیسے اعلیٰ اخلاقی اصولوں پر چلنے کی ترغیب دیتا ہے۔ اگر آج کی دنیا اس منشور کو اپنا لے، تو یقینی طور پر جنگ، نفرت، طبقاتی استحصال، نسل پرستی اور ناانصافی کا خاتمہ ہو سکتا ہے، اور انسانیت حقیقی فلاح، سکون اور ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتی ہے۔ یہی سیرتِ محمدی ﷺ کی اصل روح ہے اور یہی وہ راہِ نجات ہے جو ہر دور کی انسانیت کو درکار ہے۔

## مرحبا سرکار کی آمد مرحبا (صلی اللہ علیہ وسلم)



تحریر: جاوید اختر بھارتی

نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت عالم اسلام اور عالم انسانیت کے لئے ایک عظیم تحفہ ہے انعام ہے اور اللہ کا احسان عظیم ہے اس لئے ہمیں جشن میلاد النبی منانے کے ساتھ ہی میلاد النبی کے مقاصد کو سمجھنے کی ضرورت ہے اور میلاد النبی کے پیغام کو دنیا کے کونے کونے میں ہر خاص و عام تک پہنچانے کی ضرورت ہے اور اس کے لئے سب سے پہلے خود عمل کرنا ہوگا -

قرآن مذہب اسلام کا آئین ہے

دنیا آج بھی بھٹک رہی ہے اور ہم بھی بھٹک رہے ہیں،، دنیا بھٹکے یہ بات سمجھ میں آتی ہے مگر ہم کیوں بھٹک رہے ہیں جبکہ رسول کائنات پر نازل ہوئی روشن کتاب آج بھی موجود ہے جس میں دنیا کے وجود سے لے کر دنیا کے فنا ہونے تک کا ذکر ہے اور قرآن ہی مذہب اسلام کا دستور ہے اور آئین ہے اور قرآن کے نازل ہونے کے بعد ساری آسمانی کتابوں کے بارے میں اعلان کر دیا گیا کہ وہ برحق تو ہیں اور برحق ماننا بھی ہے مگر عملدرآمد قرآن کے اصول و ضوابط پر ہی ہوگا یعنی قرآن آجانے کے بعد ساری کتابوں پر عملدرآمد منسوخ کر دیا گیا ہے،، قرآن ہی اسلام کا نظریہ ہے، اسلام کا دستور ہے، مکمل ضابطۂ حیات ہے اور قرآن ایسی کتاب ہے جس میں رائی کے دانے کے برابر بھی شک کی گنجائش نہیں ہے اور قرآن کی حفاظت کی ذمہ داری بھی خود اللہ تعالیٰ نے لے رکھی ہے اور قرآن کے نزول اور تحفظ سے متعلق آیت بھی قرآن میں ہی موجود ہے جو ایک چیلنج ہے ان لوگوں کے لئے جو لوگ قرآن پر انگلی اٹھاتے ہیں -

سیرۃ النبی کما حقہ بیان ہی نہیں کیا جا سکتا کیونکہ آخری پیغمبر کا مقام و مرتبہ اللہ ہی بہتر جانتا ہے اور اللہ کے رسول جانتے ہیں ان کے احکامات سے منہ موڑنا وجہ بربادی ہے دونوں جہاں میں ذلت و رسوائی ہے اور ہمیں اگر ذلت و رسوائی سے بچنا ہے تو نبی پاک کی سیرت طیبہ پر عمل کرنا ہوگا اس کے علاوہ کوئی راستہ نہیں ہے

اولاد کی پرورش

اولاد کی پرورش اور تعلیم و تربیت میں پاکیزگی لائیں تاکہ ہوش سنبھالتے ہی اسے احساس رہے کہ میں مسلمان ہوں،، اور جب مسلمان ہوں تو مجھے اللہ و رسول کے احکامات پر عمل کرنا ہے مسجدوں میں جانا ہے اور نمازوں کی پابندی کرنا ہے،، کسی کا دل نہیں دکھانا ہے،، کسی کا مذاق نہیں اڑانا ہے،، خیانت کی راہ پر لگنے والا مشورہ نہیں دینا ہے،، ڈنکے کی چوٹ پر اعلان کرنا ہے کہ سیرت رسول عالم اسلام اور عالم انسانیت کے لئے مشعلِ راہ ہے اور ذریعہ نجات ہے نبی پاک کا ہم امتیوں پر اتنا احسان ہے کہ ہم پوری زندگی ذکر و اذکار کرتے رہیں تو بھی احسان کا بدلہ نہیں چکا سکتے مگر ہاں ہم اپنا بگڑا مقدر ضرور سنوار سکتے ہیں -

نبی پاک کا اخلاق کریمانہ

نبی آخر الزماں کا اخلاق و کردار اس قدر بلند تھا کہ آپ غیروں کو بھی مصیبت میں دیکھتے تو بےچین ہو جاتے اور اس کی مدد فرماتے آپ ؟ پچیس سال کے اور حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا چالیس سال کی،، آپ ؟ کنوارے اور حضرت خدیجہ دو دو شوہر سے بیوہ پھر بھی حضرت خدیجہ سے عقد نکاح فرمایا،، پوری دنیا کے لئے آج بھی یہ سبق آموز ہے آزادی نسواں کا نعرہ لگانے والوں ہوش میں آؤ ہوائی جہاز میں خواتین کو تعینات کر کے سینہ پھلاتے ہو مگر یہ بھول رہے ہو کہ تم نے اس وقت جہاز میں خواتین کو جگہ دی جب وہ جوان تھی کیا کبھی کسی ایسی خاتون کو تعینات کیا جب اس کے چہروں پر جھریاں پڑ گئی ہوں اور وہ بوڑھی ہو چکی ہو؟ نبی سرور کونین صحابہ کرام کے ساتھ بیٹھے ہوئے ہیں ایک یہودی کی میت کو لیجاتے ہوئے دیکھا تو کھڑے ہوگئے صحابہ کرام نے کہا کہ یا رسول اللہ وہ تو یہودی کی میت ہے پھر بھی آپ کھڑے ہوگئے تو فرمایا محسن انسانیت نے کہ ہاں وہ یہودی ہے لیکن ہے تو انسان،، ایک انسان کی جاتی ہوئی میت کو دیکھ کر میں کھڑا ہوا تاکہ دنیا جانے کہ انسانیت بہت بڑی چیز ہے -

اور آج ہمارا حال یہ ہے کہ ہم اپنے بھائیوں کی پریشانیاں دیکھ کر خوش ہوتے ہیں بغض و کینہ ہمارے اندر اتنا زیادہ ہے کہ ہمارا معاشرہ تباہ ہوتا جا رہا ہے کتنے افسوس کی بات ہے کہ جو قوم عریانیت کی مخالف تھی، زنا کے قریب نہیں جاتی تھی آج وہی قوم عریانیت کی چادر اوڑھنے لگی، مسلم خواتین بازاروں کی رونق بننے لگیں اور مسلم نوجوان کا یہ حال ہے کہ لڑکیوں کو زناکاری کی نظروں سے دیکھنا فخر سمجھنے لگا یاد رکھیں بارہ ربیع الاول نبی آخر الزماں کی ولادت کا دن ہے تو یہ برائی کو جڑ سے اکھاڑنے کا عہد کرنے کا بھی دن ہے، بے سہاروں کو سہارا دینے کا بھی دن ہے، پیار محبت عام کرنے کا بھی دن ہے، یتیموں سے بے پناہ محبت کرنے کا بھی دن ہے، بڑوں کا ادب اور چھوٹوں پر شفقت کرنے کا بھی دن ہے مساجد کو سجدوں سے آباد کرنے کا عہد کرنے کا دن ہے یہی میلاد النبی کا پیغام ہے اور اس پیغام کو عام کریں خود عمل کریں اور دوسروں کو عمل کرنے کی دعوت دیں ہمیں اس بات کو بھی ذہن میں رکھنا چاہیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ صرف انسانوں بلکہ حیوانات کے ساتھ بھی زیادتی کرنے سے منع فرمایا ہے نبی پاک کے اخلاق کریمانہ کی برکت ہی ہے کہ بہت ہی کم عرصے میں پوری دنیا میں اسلام کا شامیانہ تن گیا اور لوگ جوق در جوق اسلام کے شامیانے میں داخل ہونے لگے - آج بچے، بوڑھے اور جوان سب کی ذمہ داری ہے کہ وہ سیرت نبوی اور احادیث نبوی کا مطالعہ کریں تب معلوم ہوگا کہ سیرت نبوی ہی مسلمانوں کے لئے اور پوری انسانیت کے لئے آئیڈیل اور ماڈل ہے اور یہی کامیابی کی ضامن ہے-

javedbharti508@gmail.com

************************************

جاوید اختر بھارتی (سابق سکریٹری یوپی بنکر یونین) محمد آباد گوہنہ ضلع مئو یو

